تمہیدِ ایمان بآیاتِ قرآن

۱۳۲۶ھ

تصنیف لطیف:۔

اعلیٰ حضرت مجدد امام احمد رضا علیہ الرحمہ

ان یحمل بالاحتمال النافی[1] | پر محمول کرے۔ (ت)

فتاوٰی خلاصہ و جامع الفصولین و محیط و فتاوٰی عالمگیریہ وغیرہا میں ہے:

اذا کانت فی المسألۃ وجوہ توجب التکفیر ووجہ واحد یمنع التکفیر فعلی المفتی والقاضی ان یمیل الٰی ذٰلک الوجہ ولا یفتی بکفرہ تحسینا للظن بالمسلم ثم ان کانت نیۃ القائل الوجہ الذی یمنع التکفیر فہو مسلم وان لم یکن لا ینفعہ حمل المفتی کلامہ علٰی وجہ لا یوجب التکفیر[2]

اگر مسئلہ میں متعدد وجوہ موجبِ کفر ہوں اور فقط ایک تکفیر سے مانع ہو تو مفتی و قاضی پر لازم ہے کہ اُسی وجہ کی طرف میلان کرے اور مسلمان کے بارے میں حسنِ ظن رکھتے ہوئے اُس کے کفر کا فتوٰی نہ دے پھر اگر درحقیقت قائل کی نیت میں وہی وجہ ہے جو تکفیر سے مانع ہے تو وہ مسلمان ہے ورنہ مفتی و قاضی کا کلام کو اُس وجہ پر محمول کرنا جو موجبِ تکفیر نہیں ہے قائل کو کچھ نفع نہ دے گا۔ (ت)

اسی طرح فتاوٰی بزازیہ و بحرالرائق و مجمع الانہر و حدیقہ ندیہ وغیرہا میں ہے۔

تاتارخانیہ و بحر و سل الحسام و تنبیہ الولاۃ وغیرہا میں ہے:

---

[1] منح الروض الازہر فی شرح فقہ الاکبر مطلب یجب معرفۃ المکفرات الخ دارالبشائر الاسلامیہ ص ۴۴۵

[2] خلاصۃ الفتاوٰی کتاب الفاظ الکفر الفصل الثانی مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ ۴/۳۸۲

جامع الفصولین الفصل الثامن والثلاثون فی مسائل کلمات الکفر اسلامی کتب خانہ کراچی ۲/۲۹۸

المحیط البرہانی فصل فی مسائل المرتدین واحکامہم داراحیاء التراث العربی بیروت ۵/۵۵۰

الفتاوٰی الہندیۃ کتاب السیر الباب التاسع دارالکتب العلمیہ بیروت ۲/۲۰۱

ردالمحتار کتاب الجہاد باب المرتد داراحیاء التراث العربی ۳/۲۸۵

الفتاوٰی البزازیۃ علٰی ہامش الفتاوٰی الہندیۃ کتاب الفاظ تکون اسلاماً او کفراً نورانی کتب خانہ پشاور ۶/۳۲۱

بحرالرائق کتاب السیر باب احکام المرتدین ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۵/۱۲۵

مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر کتاب السیر باب المرتد داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/۶۸۸

الحدیقۃ الندیۃ شرح الطریقۃ المحمدیۃ والاستخفاف بالشریعۃ کفر الخ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد ۱/۳۰۲

الفتاوٰی التاتارخانیۃ کتاب احکام المرتدین ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی ۵/۴۵۸

ولا یکفر بالمحتمل لان الکفر نہایۃ فی العقوبۃ فیستدعی نہایۃ فی الجنایۃ و مع الاحتمال لانہایۃ۔[1]

احتمال کے ہوتے ہوئے تکفیر نہیں کی جائے گی کیونکہ کفر انتہائی سزا ہے جو انتہائی جرم کا مقتضی ہے اور احتمال کی موجودگی میں انتہائی جرم نہ ہوا۔ (ت)

بحرالرائق و تنویر الابصار و حدیقہ ندیہ و تنبیہ الولاۃ و سل الحسام وغیرہا میں ہے:

والذی تحرر انہ لایفتی بکفر مسلم امکن حمل کلامہ علی محمل حسن[2] الخ۔

جس نے ایسے مسلمان کی تکفیر کا فتوٰی دینے سے اجتناب کیا جس کے کلام کی تاویل ممکن ہے، اس نے اچھا کیا۔ (ت)

دیکھو ایک لفظ کے چند احتمال میں کلام ہے نہ کہ ایک شخص کے چند اقوال میں اگر یہودی بات کو تحریف کر دیتے ہیں۔

فائدہ جلیلہ: اس تحقیق سے یہ بھی روشن ہوگیا کہ بعض فتاوٰی مثل فتاوٰی قاضی خاں وغیرہ میں جو اُس شخص پر کہ اللہ و رسول کی گواہی سے نکاح کرے یا کہے ارواحِ مشائخ حاضر و واقف ہیں یا کہے ملائکہ غیب جانتے ہیں بلکہ کہے مجھے غیب معلوم ہے حکمِ کفر دیا اُس سے مراد وہی صورتِ کفریہ ادعائے علم ذاتی وغیرہ ہے ورنہ ان اقوال میں تو ایک چھوڑ متعدد احتمال اسلام کے ہیں کہ یہاں علمِ غیب قطعی یقینی کی تصریح نہیں اور علم کا اطلاق ظن پر شائع و ذائع ہے تو علم ظنی کی شق بھی پیدا ہو کر اکیس کی جگہ بیالیس احتمال نکلیں گے

---

[1] الفتاوی التاتارخانیۃ کتاب احکام المرتدین ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ کراچی ۵/ ۴۵۹
سل الحسام الہندی لنصرۃ مولانا خالد النقشبندی رسالہ من رسائل ابن عابدین سہیل اکیڈمی لاہور ۲/ ۳۱۶
تنبیہ الولاۃ والحکام علی احکام شاتم خیر الانام 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ۱/ ۳۴۲
بحرالرائق کتاب السیر باب احکام المرتدین ایچ ایم سعید کراچی ۵/ ۱۲۵

[2] الدرالمختار شرح تنویر الابصار کتاب الجہاد باب المرتد مطبع مجتبائی دہلی ۱/ ۳۵۶
بحرالرائق کتاب السیر باب احکام المرتدین ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۵/ ۱۲۵
تنبیہ الولاۃ والحکام علی احکام شاتم خیر الانام الخ رسالہ من رسائل ابن عابدین سہیل اکیڈمی لاہور ۱/ ۳۴۲
سل حسام الہندی لنصرۃ مولانا خالد النقشبندی 〃 〃 〃 〃 ۲/ ۳۱۶
الحدیقۃ الندیۃ شرح الطریقۃ المحمدیۃ والاستخفاف بالشریعۃ کفر الخ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد ۱/ ۳۰۲